بینک دولت پاکستان

شعبہ مبادلہ پالیسی

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

ای پی ڈی سرکلر لیٹر نمبر 21 برائے 2020ء **21 اکتوبر 2020ء**

صدور / چیف ایگزیکٹو

زرمبادلہ کے تمام مجاز ڈیلر

محترم / محترمہ

تجارت پر مبنی منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی فنانسنگ کے خطرات کے انتظام کا فریم ورک

مجاز ڈیلروں کی توجہ مذکورہ موضوع پر ایف ای سرکلر نمبر 04 بتاریخ 14 اکتوبر 2019ء کی جانب مبذول کرائی جاتی ہے۔

2۔ مذکورہ فریم ورک کے پیرا 6(1) میں دی گئی ہدایات کے مطابق مجاز ڈیلروں پر، دیگر امور کے علاوہ، اس فریم ورک کی دفعات پر عملدرآمد کے لحاظ سے بورڈ کی خطرے کے انتظام کی کمیٹی کے روبرو بینک کے نظام اور کنٹرولز کی مضبوطی کا پہلا جائزہ 31 دسمبر 2020ء تک پیش کرنے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔

3۔ کووڈ 19 کے پھیلاؤ کے نتیجے میں پیدا ہونے والے حالیہ چیلنجوں کے سبب بینکاری صنعت کی نمائندگی کو مدنظر رکھتے ہوئے اس ڈیڈ لائن میں **30 جون 2021**ء تک توسیع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

4۔ مذکورہ موضوع پر دیگر تمام ہدایات کسی تبدیلی کے بغیر برقرار رہیں گی۔

5۔ مجاز ڈیلروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مذکورہ بالا ہدایات پر سختی سے عملدرآمد کے لیے اپنے متعلقہ افراد کو اس سے آگاہ کریں۔

آپ کا مخلص

(ذوالفقار علی کھوکھر)

ایڈیشنل ڈائریکٹر